## بعض عناصر ایک مرتبہ پھر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کررہے ہیں، الطاف حسین

## تمام سیاسی جماعتیں فرقہ وارانہ فسادات اور پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ناکام بنائیں

## مسلم لیگ ق کے رہنماء بھی اپنے حلقہ احباب میں شیعہ اور سنی علمائے کرام سے اپیل کریں کہ وہ اپنی صفوں میں شر پسند عناصر پر نظر رکھیں

## کراچی کو تقسیم کی سازش کرنے والے پاکستان اور اسلام کے دشمن ہیں، مشاہد حسین سید

## نائن زیرو پر مسلم لیگ (ق) کے وفد سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔2، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سانحہ کراچی، شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش تھی جسے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اور ایم کیوایم کے کارکنان نے دن رات محنت کرکے ناکام بنادیا۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کے روز اپنی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں مسلم لیگ ق کے وفد سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں مسلم لیگ ق کے سیکریٹری جنرل سینیٹر مشاہد حسین سید اور دیگر رہنماء شامل تھے۔ مشاہد حسین سید سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی 30 سالہ جدوجہد سے سندھ بالخصوص کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہوئی ہے لیکن بعض عناصر ایک مرتبہ پھر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کراچی، شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش تھی جسے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اور ایم کیوایم کے کارکنان نے دن رات محنت کرکے ناکام بنادیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا یہ فرض ہے کہ وہ بحیثیت پاکستانی، مسلمان اور انسان مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، ملک میں فرقہ وارانہ فسادات اور پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ناکام بنائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ امر انتہائی ناقابل فہم ہے کہ شر پسند عناصر ڈیڑھ گھنٹے تک آزادی سے فائرنگ کرتے رہے اور ایم اے جناح روڈ کی کئی مارکیٹوں اور ہزاروں دکانوں کو آگ لگاتے رہے لیکن رینجرز اور پولیس خاموش تماشائی بنی رہی۔ جناب الطاف حسین نے وفد کے ارکان کو بتایا کہ سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد کیلئے جو کچھ ایم کیوایم کے بس میں ہے وہ کوششیں کررہی ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے ذاتی طور پر درخواست کرکے متاثرین کی امداد کی اپیل کی جبکہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال سے بھی کہا ہے کہ وہ سانحہ کراچی کے متاثرہ تاجروں اور بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے شہداء کے لواحقین کی امداد کیلئے سٹی گورنمنٹ کراچی کے تحت فنڈ قائم کریں تاکہ متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جاسکے۔ انہوں نے مشاہد حسین اور دیگر مہمانوں سے کہا کہ وہ اپنے حلقہ احباب کے مخیّر حضرات سے بھی اپیل کریں کہ وہ سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد کیلئے سٹی گورنمنٹ کراچی کے فنڈ میں بڑھ چڑھ کر تعاون کریں اور اپنے عطیات جمع کرائیں تاکہ سٹی گورنمنٹ کی جانب سے متاثرہ تاجروں کی امداد و بحالی اور متاثرہ عمارتوں کی مرمت کا کام جلد سے جلد شروع کیا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ق کے رہنماء بھی اپنے اپنے حلقہ احباب میں شیعہ اور سنی علمائے کرام سے اپیل کریں کہ وہ اپنی صفوں میں شر پسند عناصر پر نظر رکھیں اور خود کو ان شر پسندوں سے علیحدہ رکھیں۔ مسلم لیگ ق کے سیکریٹری جنرل سینیٹر مشاہد حسین سید نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی جانب سے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی کی بات دوررس نتائج کی حامل ہے اور اس وقت دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ہمارے پاس کوئی واضح حکمت عملی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کراچی کے بعد شہر میں فسادات کی آگ بھڑک سکتی تھی لیکن آپ کی عملی کاوشوں سے شہر میں امن وامان کی صورتحال برقرار رہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم کراچی کے متاثرین کے ساتھ ہیں اور ہمارا واضح مؤقف ہے کہ کراچی کو تقسیم کی سازش کرنے والے پاکستان اور اسلام کے دشمن ہیں اور تمام سیاسی جماعتوں کو اس سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ مشاہد حسین سید نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ مسلم لیگ ق کراچی کے متاثرہ تاجروں اور شہداء کی امداد کیلئے سٹی گورنمنٹ کراچی کے تحت قائم کئے گئے فنڈ میں ہر ممکن تعاون کرے گی۔ اس موقع پر مسلم لیگی رہنماؤں نے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور جناب الطاف حسین سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

## بولٹن مارکیٹ کے تباہ حال دکانداروں کوکسی اور جگہ ہرگز منتقل نہ کیا جائے ،الطاف حسین

## بولٹن مارکیٹ کی تعمیر نواور بحالی کے کام کو تیز کیا جائے اوراس کیلئے تمام تر وسائل بروئے کارلائے جائیں

لندن۔۔۔2 جنوری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے بولٹن مارکیٹ کے تباہ حال دکانداروں کوکسی اور جگہ ہرگز منتقل نہ کیا جائے بلکہ ان کی دکانوں کی وہیں تعمیرنو اور مرمت کی جائے ۔انہوں نے یہ بات آج گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورسٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال سے ٹیلیفون پر گفتگوکرتے ہوئے کہی ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بولٹن مارکیٹ کراچی کاسب سے بڑا کاروباری وتجارتی مرکز ہے اور یہاں کے دکاندار برسوں سے ملکی معیشت میں انتہائی اہم کرداراداکررہے ہیں ۔بولٹن مارکیٹ کوآگ لگانا ملک کی معیشت پرحملہ اورایک قومی سانحہ ہے ۔ جناب الطاف حسین نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورسٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال سے کہا کہ دہشت گردوں کی سفاکانہ کارروائی کے نتیجے میں بولٹن مارکیٹ کے متاثرہ تاجروں اوردکانداروں کی املاک مکمل طور پرتباہ ہوگئی ہیں لیکن ان دکانداروں کوکسی بھی صورت میں کہیں اورمنتقل نہ کیا جائے بلکہ ان کی دکانوں اور مارکیٹوں کی تعمیر نوکی جائے ،مرمت کی جائے اوران کی تعمیرنو اور بحالی کے کام کوتیز کیا جائے اوراس کیلئے تمام تر وسائل بروئے کارلائے جائیں ۔اس موقع پر گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال نے جناب الطاف حسین کوبولٹن مارکیٹ کے دکانداروں کی بحالی کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔

## سانحہ کراچی کی سپریم کورٹ کے ججوں سے تحقیقات کرائی جائے ،الطاف حسین

## اہلیان پنجاب بالخصوص مخیّر حضرات سانحہ کراچی کے متاثرہ تاجروں اورشہداء کے اہل خانہ کی امداد کیلئے سٹی گورنمنٹ کے امدادی فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں

## صوبہ پنجاب کے سیاسی رہنماء کراچی کادورہ کریں اورسانحہ کراچی کے متاثرین کے دکھ بانٹیں

## مسلم لیگ ق کے رہنماء اور کارکنان دکھ اورآزمائش کی گھڑی میں کراچی کے عوام کے ساتھ ہیں ،چوہدری شجاعت حسین

## چوہدری شجاعت حسین کاالطاف حسین سے ٹیلی فون پررابطہ ،سانحہ کراچی پراظہار ہمدردی

لندن۔۔۔2،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا ہے کہ یوم عاشور کے موقع پرکراچی میں تجارتی مراکز کونذرآتش کرنے کے المناک سانحہ کی سپریم کورٹ کے ججوں سے تحقیقات کرائی جائے اوراس کے ذمہ داروں کوعبرتناک سزادی جائے ۔ یہ مطالبہ انہوں نے ہفتہ کے روز مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے ٹیلی فون پرگفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری شجاعت حسین نے لندن ٹیلی فون کرکے جناب الطاف حسین سے سانحہ کراچی میں شدید جانی ومالی نقصان پراپنے گہرے دکھ،افسوس اوردلی ہمدردی کا اظہار کیااورمتاثرہ تاجروں کی امداد کیلئے اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔ جناب الطاف حسین نے اظہار ہمدردی پر چوہدری شجاعت حسین کاشکریہ ادا کرتے ہوئے ان سے درخواست کی کہ ناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے متاثرہ تاجروں کی امداد کیلئے سٹی گورنمنٹ کراچی کے تحت امدادی فنڈ میں بھرپورتعاون کریں اورمسلم لیگ ق کے مخیّر حضرات سے بھی اپیل کریں کہ وہ متاثرہ تاجروں اورخودکش حملہ میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ کی امداد کیلئے اپنی بساط کے مطابق زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں ۔انہوں نے کہا کہ قطرہ قطرہ کرکے دریا بنتا ہے اورصوبہ پنجاب کے مخیّر حضرات کی جانب سے مالی تعاون پرمتاثرہ تاجروں کی بڑی حدتک مدد کی جاسکتی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے سیاسی رہنماؤں سے اپیل بھی کی کہ وہ کراچی کا دورہ کریں اورسانحہ کراچی کے متاثرین کے دکھ بانٹیں ۔ چوہدری شجاعت حسین نے جناب الطاف حسین کی تجویز سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ مسلم لیگ ق کے رہنماء اورکارکنان دکھ اورآزمائش کی گھڑی میں کراچی کے عوام کے ساتھ ہیں ،ان کی ہرممکن مدد کریں گے اور وہ خود مسلم لیگ ق سے تعلق رکھنے والے مخیّر حضرات سے اپیل کریں گے کہ وہ کراچی کے متاثرہ تاجروں کی بھرپور مدد کریں ۔ چوہدری شجاعت حسین نے کراچی کے متاثرہ تاجروں کی امداد اور بحالی کیلئے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال ،شہری حکومت ، ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اور کارکنوں کی عملی کاوشوں کی تعریف بھی کی ۔ دریں اثناء جناب الطاف حسین نے اہلیان پنجاب بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی کہ سانحہ کراچی کے متاثرہ تاجروں کی امداد کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اورسٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے امدادفنڈ میں بڑھ چڑھ کرعطیات جمع کرائیں ۔

## سانحہ کراچی، کراچی کو تقسیم کرنے کی ایک سوچی سمجھی اور گھناؤنی سازش تھی، مشاہد حسین سید
## نائن زیرو پر مسلم لیگ ق کے وفد کے دورے کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد سید نے کہا ہے کہ سانحہ کراچی، کراچی کو تقسیم کرنے کی ایک سوچی سمجھی اور گھناؤنی سازش تھی جسے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے بہترین حکمت عملی اور سخت جدوجہد کے بعد ناکام بنادیا ہے۔انہوں نے کراچی اور ملک کو ایک بڑی تباہی سے بھی بچایا ہے جس پر میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے تحت ایک اوپن پبلک انکوائری سانحہ کراچی پر کرائی جائے اور اسے ٹی وی چینلز پر براہ راست دکھایا جائے۔مشاہد حسین نے جناب الطاف حسین کی تجویز کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ انسداد دہشتگردی کیلئے موثر حکمت عملی بنائی جائے اور اس کیلئے باقاعدہ قومی ادارہ قائم کیا جائے۔وہ ہفتے کی شب متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔اس سے قبل مشاہد حسین سید اور مسلم لیگ (ق) کے دیگر رہنماء علیم عادل شیخ حلیم عادل شیخ، طارق حسن، بوستان علی ہوتی نائن زیرو پہنچے تو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب اور ڈاکٹر صغیر احمد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔بعد ازاں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، وسیم آفتاب، شاہد لطیف، رضا ہارون، اشفاق منگی، کنور خالد یونس، وفاقی وزیر بابر خان غوری نے نائن زیرو پر ہونے والے ان مذاکرات میں حصہ لیا۔مشاہد حسین سید نے کہا کہ کراچی قومی شہر اور پاکستان کا سیاسی، معاشی اور اقتصادی حب ہے۔ہم یہاں ہونے والے واقعات کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔کراچی کی تقسیم پوری قوم کیلئے ناقابل قبول ہے۔ہم اس سازش کو ختم کرنے کیلئے یہاں آئے ہیں، الطاف حسین اور ان کے ساتھیوں نے کراچی کو تقسیم کرنے کی سازش ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔پوری قوم کراچی کے ساتھ ہے۔حکومت کے پاس انسداد دہشتگردی کیلئے کوئی ٹھوس حکمت عملی یا ادارہ نہیں ہے۔وفاقی حکومت اور وزراء متضاد بیانات دے رہے ہیں۔صدر آصف علی زرداری کہتے ہیں کہ یہ سب ان کی تقریروں کا ردعمل ہے تو پھر انہیں چاہئے کہ وہ تقریر کرنا بند کردیں اور پاکستان کو مزید نقصان سے بچالیں۔سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی نے جو فوٹیج فراہم کی ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے دہشت گردوں کی شناخت کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔کراچی میں تاجروں کے ساتھ اقتصادی دہشتگردی بھی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک موجود حکمرانوں کے پانچ ارب ڈالر واپس لاکر متاثرین میں تقسیم کیے جائیں اس عمل سے عوام کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔کراچی کے عوام نے سانحہ کراچی پر جس شعور اور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے اس پر میں انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔یہ عوام نہیں بلکہ کچھ اور لوگ ہیں جو کراچی اور ملک کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ انسداد دہشتگردی کے حوالے سے حکومت قومی سیاسی جماعتوں کی کانفرنس بلائے ساری جماعتیں اس نقطہ پر حکومت کا ساتھ دینے کو تیار ہیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ناظم کراچی کے امدادی فنڈ میں عطیات دینے کے حوالے سے الطاف حسین سے بات ہوئی ہے ہم بھی اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مشاہد حسین اور ان کے ساتھیوں کا دورہ کراچی سے اظہار یکجہتی اور سانحہ کراچی کے بعد قیام امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور ان کے کارکنوں نے جو کردار ادا کیا ہے اسے خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تھا، مشاہد حسین سید کی نائن زیرو سے رفاقت کوئی ڈھکی چھپی نہیں یہ ان کا اپنا گھر ہے، بہت سے مسائل پر ہمارے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے۔ہماری کوشش رہی ہے کہ ہم مل جل کر مسائل کو حل کریں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ مشاہد حسین سید کے دورے کا مقصد یوم عاشور کے موقع پر دھماکے میں قیمتی جانوں اور اربوں روپے نقصان کے بعد متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو سراہنا اور متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھ اظہار یکجہتی تھا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے گفتگو ہوئی، انہوں نے مزید کہا کہ سانحہ بولٹن مارکیٹ ایک سازش تھی جس کا مقصد کراچی کے امن کو برباد کرنا تھا، کراچی کو غیر مستحکم کرنا تھا اگر کراچی غیر مستحکم ہوتا ہے تو پاکستان غیر مستحکم ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جو افراد اس سانحہ میں شہید ہوئے ان کیلئے دعائے مغفرت کی اس دہشتگردی کا مقصد کراچی کو تقسیم کرنا تھا۔انہونے کہا کہ سانحہ کے بعد قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جس طرح سوگوران کے زخموں پر مرہم رکھا مشاہد حسین نے اس عمل کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے اور اپنی اور اپنی جماعت کی جانب سے متاثرین کی بحالی کیلئے مکمل یقین دہانی کرائی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی سب کا اور قومی شہر ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے لکی مروت کی سانحہ کی بھی مذمت کی ہے اور ہم نے اسرار کے ساتھ یہ بات کی ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ دہشتگردی کیخلاف ہمارے پاس موثر پالیسی ہونی چاہئے، دہشتگردوں کیلئے فیلڈ کھلی نہیں رکھی جاسکتی اس سے پہلے کہ وہ ہم تک پہنچے ہمیں ان تک پہنچنا چاہئے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور توصیف خانزادہ نے نذرآتش کی گئی بولٹن مارکیٹوں کا دورہ کیا

## متاثرہ دکانداروں سے فرداً فرداً ملاقات کرکے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن مدد وتعاون کا یقین دلایا

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کا سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی جانب سے متاثرہ دکانداروں کی مدد کیلئے قائم کئے گئے کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور توصیف خانزادہ نے شر پسند عناصر کی جانب سے نذرآتش کی گئی بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کا دورہ کیا اور دکانداروں سے ملاقاتیں کرکے ان سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر دکانداروں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو آتشزدگی کے باعث ہونے والے نقصانات اور پولیس ورینجرز کی جانب سے شرپسندوں کو نہ روکنے کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔کنور خالد یونس اور توصیف خانزادہ نے دکانداروں کو ایم کیوایم کی جانب سے نقصانات کے ازالے کیلئے ہر ممکن مدد وتعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ ایم کیوایم ان کے دکھ میں شریک ہیں اور ان کے نقصانات کے ازالے کیلئے نہ صرف آواز بلند کررہی ہے بلکہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک ایک ایک دکاندار کے نقصانات کا ازالہ نہیں ہوجاتا۔انہوں نے کہا کہ بم دھماکے کے بعد مارکیٹوں کو آگ لگانے والے شر پسند عناصر ہیں جو کراچی کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ دکاندار جس کرب اور اذیت سے گزر رہے ہیں اور لمحوں میں اپنی جمع پونجی سے محروم ہوگئے ہیں ان کے نقصانات کا ازالہ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور ایم کیوایم اس سلسلے میں متاثرہ دکانداروں کے ساتھ ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور توصیف خانزادہ نے وہاں جاری بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا اور سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی جانب سے متاثرہ دکانداروں کی بحالی کیلئے قائم کیے گئے کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں موجود عملے کو ہدایت جاری کیں۔

## بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مزید اضافہ عوام کا معاشی قتل عام ہے،اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے بجلی اور گیس کی قیمت میں مزید اضافے کو عوام کا معاشی قتل قرار دیا ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کی چکی میں پسی عوم کو مالی مشکلات کے دلدل میں دھکیلا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرنے والے دراصل حکومت کے خلاف بھی سازش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ غیریب عوام کو ریلیف دینے کے بجائے معاشی استحصال کے نشانہ بنایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کا اثر معشیت پر بھی پڑے گا تاجروں کو پہلے ہی مسائل کا سامنا ہے ایسے حالات میں بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کا فیصلہ غیر دانشمندانہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے واپس اور عوام کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے

## لانڈھی یوسی 6 کے حق پرست ناظم عمران احمد سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث

## سفاک قاتلوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے عبرت ناک سزادی جائے،اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ایم کیوایم کے کارکن اور لانڈھی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست یوسی ناظم عمران احمد کو مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ قرار دیا ہے جس میں اب تک ایم کیوایم 72 سے زائد کارکنان اور ہمدردوں کو نشانہ بنایا جاچکا ہے۔اپنے ایک بیان میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ جرائم پیشہ منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے پے درپے واقعات شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ ہے جس سے کارکنان اور عوام میں گہری تشویش پائی جارہی ہے جبکہ ان واقعات میں ملوث لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں اور جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی واضح نشاندہی کے باوجود کسی ایک بھی دہشت گرد کو تاحال گرفتار نہیں کیا جاسکا۔انہوں نے کہا کہ جمعرات کی شب لانڈھی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست ناظم 40 سالہ عمران احمد لانڈھی نمبر ایک میں واقع دکان میں بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے شہید کردیا جبکہ اس سے قبل جمعرات کی صبح مسلح دہشت گردوں نے لیاری میں ایم کیوایم یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج عبدالباسط قریشی کو اس وقت ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جب وہ اپنی اہلیہ کے ہمراہ فقیر محمد دوراہ روڈ لیاری میں واقع اپنی رہائشگاہ سے نکل رہے

تھے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ایم کیوایم کے 72 سے زائد بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ صرف دو ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 14 کارکنان کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کرشہید کیا جاچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ کیا ایم کیوایم کے کارکنان انسان نہیں ہیں؟ کیا کارکنان کے قتل کے مسلسل واقعات کے باوجود ایم کیوایم کی جانب سے صبر وتحمل کا مظاہرہ امن پسندی نہیں؟۔انہوں نے کہا کہ ایک منظّم سازشی منصوبے کے تحت ایم کیوایم کو کمزور کرنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں استعمال کئے جارہے ہیں اورایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے کا عمل اسی سازشی منصوبے کا حصہ ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ لانڈھی ٹاؤن یوسی 6 کےحق پرست ناظم عمران احمد سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کاسنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اورٹارگٹ کلنگ میں ملوث سفاک قاتلوں اوران کے سرپرستوں کوگرفتارکر کے سخت ترین سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کے کارکن اورلانڈھی ٹاؤن کے حق پرست یوسی ناظم عمران احمد شہید کا فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن اورلانڈھی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست یوسی ناظم عمران احمد شہید کا فاتحہ سوئم آج بعدنمازظہرشہید کی رہائشگاہ پرہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہیدکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کیف الوریٰ ،ڈاکٹرعلی حسن، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،حق پرست وزراء،مشیران،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ،ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،سیکٹرزکمیٹیوں اوریونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورشہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اورشہیدکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## حیدرآباد کےصحافی ایم ایچ خان پرتشدد آزادی صحافت کے منافی ہےفوری نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نےقوم پرست جماعت کے کارکنان کی جانب سے حیدآباد کے مقامی صحافی ایم ایچ خان پرتشدد کی شدید مذمت کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافی عوام کے مسائل کے حل کیلئے حقائق پیش کرتے ہیں ان حقائق سے روکنے کیلئے تشدد کا نشانہ بنانے کا عمل آزادی صحافت پرحملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیر اطلاعات شازیہ مری سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد کےصحافی ایم ایچ خان پر تشدد کا نوٹس لیا جائے اورتشدد میں ملوث ملزمان کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کےسوگوارکارکنان سےرابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹریونٹ 107 کے ہمدرد محمد عامر، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا یونٹ سیکٹر 145 کے کارکن عابد حسین قریشی کی والدہ محترمہ خورشید جہاں بیگم، ایم کیوایم لیاقت آباد یونٹ سیکٹر 162 کے کارکن ظفرحمید کے بڑے بھائی خالد اقبال، یونٹ 159 کے کارکن کلیم احمد کی زوجہ مریم کلیم، یوسی 6 کے نائب ناظم ارشادعلی کی والدہ رابعہ، ایم کیوایم یونٹ 165 کے کارکن محمد حنیف خان کے بڑے بھائی محمد فاروق خان اوریونٹ ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133/C کے کارکن مدثر احمد کے والد مشتاق احمد کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے کارکنان محمد عمران اور ملک غلام قادر کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔02/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے کارکن محمد عمران اور ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن ملک غلام قادر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد عمران اور ملک غلام قادر کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی ایم کیوایم کے کارکنان محمد عمران اور ملک غلام قادر کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی سلیم خورشید کھوکھر کے والد چوہدری خورشید کھوکھر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2 جنوری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی سلیم خورشید کھوکھر کے والد چوہدری خورشید کھوکھر کے انتقال پر دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے سلیم خورشید کھوکھر اور انجہانی چوہدری خورشید کھوکھر کے لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

☆☆☆☆☆